سوال

بغیر ولی کے نکاح کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مجھے یہ دریافت کرنا تھا کہ کیا لڑکی اپنی مرضی سے نکاح کر سکتی ہے۔ ؟ اور ایک حدیث کی مکمل تخریج اور سند بھی چاہیے، حدیث کچھ اس طرح ہے۔ : "جب تمہارے پاس ایسا شخص آئے جس کے دین اور اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو تم اس کے ساتھ (اپنی لڑکی کا) نکاح کر دو، اگر ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں بہت زیادہ فتنہ وفساد برپا ہو گا" ; یہ حدیث کس کتاب میں درج ہے اور باب اور حدیث نمبر بھی درکار ہے۔ جلد سے جلد جواب سے آراستہ کریں۔ اللہ حافظ۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت بذات خود اپنا نکاح نہیں کر سکتی، کیونکہ شرعاً عورت نہ اپنی ولی بن سکتی ہے اور نہ ہی کسی دوسری عورت کی ولی بن سکتی ہے۔ اور ولی کے بغیر نکاح واقع ہی نہیں ہوتا۔ نبی کریم نے فرمایا: ''لَا نِکَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ'' (جامع ترمذی أبواب النکاح باب ما جاء لا نکاح إلا بولی ح ۱۱۰۱) ولی کے بغیر نکاح نہیں ہے دوسری جگہ آپ نے فرمایا: ''أَيُّمَا امْرَأَةٍ نَکَحَتْ بِغَيْرِ إِذْنِ مَوَالِيهَا فَنِکَاحُهَا بَاطِلٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ'' (سنن ابی داود کتاب النکاح باب فی الولی ح ۲۰۸۳) جو عورت بھی اپنے اولیاء کی اجازت کے بغیر نکاح کرواتی ہے تو اسکا نکاح باطل ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات تین مرتبہ دہرائی۔ یہ حدیث مبارکہ سنن ترمذی (ابواب النکاح، بَابُ مَا جَاءَ إِذَا جَاءَكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِينَهُ فَزَوِّجُوهُ، نمبر، امام ۱۰۸۵) میں موجود ہے، امام البانی رحمہ اللہ نے اس کو حسن لغیرہ کہا ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں۔ ''إذا أتاکم من ترضون خلقه ودينه فزوجوه إلا تفعلوا تکن فتنة في الأرض وفساد عريض'' "جب تمہارے پاس ایسا شخص آئے جس کے دین اور اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو تم اس کے ساتھ نکاح کر دو، اگر ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں بہت زیادہ فتنہ وفساد برپا ہو گا" ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ